بے روزگاری فوائد اور بیمہ صحت کے اکثر پوچھے جانے والے سوال

اس اشاعت میں 19 مارچ 2020 تک معلومات اور رہنمائی شامل ہے۔

بے روزگاری بیمہ

کسی آجر کے کاروبار بند کر دینے کی وجہ سے بے روزگاری بیمہ موصول کرنے کے لیے کون اہل ہے؟

کوئی ملازم جسے کام سے اٹھا دیا گیا ہے یا جس کی ملازمت کے اوقات کم کر دیئے گئے ہیں، وہ ریاست سے بے روزگاری بیمہ کی درخواست دینے کا اہل ہے، اس سے قطع نظر کہ آجر مستقبل میں کاروبار کو دوبارہ کھولنے کا ارادہ رکھتا ہے یا نہیں۔

کیا کوئی آزاد کنٹریکٹر بے روزگاری بیمہ فوائد موصول کرنے کا اہل ہے؟

جی نہیں، ایک آزاد کنٹریکٹر بے روزگاری بیمہ موصول کرنے کا اہل نہیں ہے۔ عمومی طور پر، کوئی کارکن ایک آزاد کنٹریکٹر اس وقت ہوتا ہے جب اس کو ادائیگی کرنے والے فرد کو صرف کام کے نتائج کو کنٹرول کرنے یا ہدایت دینے کا حق حاصل ہے (نہ کہ کام کس طرح کیا جاتا ہے)۔

کوئی کارکن "آزاد کنٹریکٹر" ہے یا "ملازم" اس کا انحصار ہر ایک معاملہ کی بنا پر ہوتا ہے۔ اگر آپ مانتے ہیں کہ آپ کی زمرہ بندی غلط طور پر آزاد کنٹریکٹر کے بطور کی گئی ہے جبکہ آپ کو ایک ملازم کی حیثیت سے زمرہ بند کیا جانا چاہیے تھا، تو آپ کو کسی وکیل سے مشورہ کرنا چاہیے۔ آپ بے روزگاری بیمہ فوائد کے لیے بھی درخواست دائر کر سکتے ہیں اور ریاستی حکومت اس بات کا تعین کرے گی کہ آیا آپ اس کے اہل ہیں۔

بے روزگاری بیمہ حاصل کرنے کے لیے کسی فرد کو کیا اقدامات کرنے ہوں گے؟

بے روزگاری بیمہ حاصل کرنے کے لیے، کسی فرد کو نیو یارک اسٹیٹ محکمۂ محنت (New York State Department of Labor) کو درخواست دینی چاہیے۔ دوخواست دینے کے دو طریقے ہیں:

ny.gov/services/get-unemployment-assistance پر مندرجہ ذیل اوقات کے دوران آن لائن درخواست دیں:

- پیر – جمعرات صبح 7:30 بجے –شام 7:30 بجے۔
- جمعہ: صبح 7:30 بجے – شام 5 بجے۔
- ہفتہ: کسی بھی وقت
- اتوار: شام 7 بجے تک۔

بذریعہ ٹیلی فون 1-888-209-8124 پر ان توسیعی اوقات کے دوران درخواست دیں:

- پیر تا جمعرات صبح 8:00 بجے – شام 7:30 بجے۔
- جمعہ: صبح 8:00 بجے – شام 6:00 بجے۔
- ہفتہ: صبح 7:30 بجے – شام 8:00 بجے۔

کوئی فرد بے روزگاری دعوٰی کے لیے کتنی جلدی درخواست فائل کر سکتا ہے؟

افراد کو جیسے ہی کام سے بٹھا دیا گیا ہے یا اس کے کام کے گھنٹوں میں تخفیف کردی گئی ہو، وہ درخواست فائل کر سکتا ہے۔ بھاری تعداد میں درخواستیں موصول ہونے کی وجہ سے، محکمہ محنت (Department of Labor) نے درخواست دہندہ کے آخری نام کے پہلے حرف کی بنا پر ایک نیا درخواست سسٹم نافذ کیا ہے:

- A – F : پیر
- G – N : منگل
- O – Z : بدھ
- آپ کے دن کا ناغہ ہو گیا: جمعرات، جمعہ اور ہفتہ

جس ہفتے میں دعوے فائل کیے جاتے ہیں وہ اسی ہفتہ کے پیر سے مؤثر ہوتے ہیں۔ ہفتے کے جس دن دعوی فائل کیا جاتا ہے اس سے بے روزگاری بیمہ کی ادائیگی میں کوئی تاخیر نہیں ہوگی۔

کسی اہل فرد کو کتنی جلدی بے روزگاری بیمہ موصول ہونا شروع ہو جائے گا؟

افراد کو ایک سال کی مدت میں پہلے ہفتے کی ادائیگی سے لیکر زیادہ سے زیادہ 26 ہفتوں تک ادائیگی کی جائے گی۔ بعض حالات کے تحت، ریاست بے روزگاری فوائد کی ادائیگی میں 26 ہفتوں کے بعد بھی توسیع کر سکتی ہے۔

کسی سابقہ ملازم کو بے روزگاری بیمہ فوائد موصول کرنے کا اہل ہونے کا مظاہرہ کرنے کے لیے کیا چیز دکھانی ہوگی؟

سابقہ ملازم کو (1) حال میں ملازمت کی سرگزشت، (2) بے روزگاری اس کی اپنی غلطی کا نتیجہ نہ ہو، (3) کام کرنے کے لیے تیار، راضی اور اہل ہونا چاہیے اور (4) تندہی سے ملازمت کا متلاشی ہونا چاہیے۔

- *نوٹ:* حالانکہ COVID-19 کا بحران 3/13/2020 تاریخ تک، کسی سابقہ ملازم کو "تندہی سے ملازمت کا خواہاں ہونے" سے روک سکتا ہے، لیکن ریاست نے اس تقاضے میں کوئی چھوٹ نہیں دی ہے۔

کیا کوئی سابقہ ملازم اپنی بیماری یا تعطیلات کے غیر مستعمل دنوں کی ادائیگی موصول کرسکتا ہے اگر اسے اس کی کسی غلطی کے بغیر ملازمت سے بٹھا دیا گیا ہو؟

ملازمین کو چاہیے کہ اپنے سابقہ آجر کی پالیسی دیکھیں یہ تعین کرنے کے لیے کہ آیا ان کی کوئی تعطیل کی تنخواہ واجب الادا ہے۔ اگر کوئی ملازم اپنے سابق آجر سے چھٹی کے دن کماتا ہے اور اس کے برطرف ہونے کے بعد اس کی ادائیگی موصول نہیں ہوتی ہے تو، وہ NYS محکمہ لیبر (NYS Department of Labor) میں شکایت درج کراسکتے ہیں۔ نیو یارک شہر میں، کوئی آجر بیماری کے دنوں کے لیے سابقہ ملازم کو قانونی طور پر ادائیگی کرنے کے لیے پابند نہیں ہے لیکن کچھ آجروں کی ایسا کرنے کی پالیسیاں ہوسکتی ہیں۔

کیا کوئی تارک وطن بے روزگاری بیمہ کا حقدار ہوتا ہے؟

ہاں، لیکن کارکن کو عام طور پر لازماً اس کی سابقہ آمدنی اور فوائد کی درخواست کرنے کے وقت بھی کام کرنے کا اجازت یافتہ ہونا چاہیے۔

کسی فرد کو کتنا بے روزگاری بیمہ موصول ہوگا؟

ایک فرد کو اس کی سابقہ آمدنی کی بناء پر 104$ تا 504$ فی ہفتہ موصول ہوگا۔

کیا شہر کی انتظامیہ اس بات کا تعین کرتی ہے کہ آیا کوئی سابقہ ملازم بے روزگاری بیمہ وصول کرنے کا حقدار ہے؟

نہیں۔ یہ تعین NYS محکمۂ محنت (NYS Department of Labor) کرتا ہے، نہ کہ شہری انتظامیہ نہ ہی آجر۔

<u>بے روزگار کے لیے صحت بیمہ</u>

کسی سابقہ ملازم کو <u>صحت بیمہ</u> موصول کرنا جاری رکھنے کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

سابقہ ملازم یہ کر سکتا ہے:

1. NY State of Health کی ویب سائٹ (https://nystateofhealth.ny.gov/) پر نگہداشت صحت کا کوریج خریدنے کے لیے ریاست کے مارکیٹ پلیس پر جائے؛ یا
2. COBRA کے تحت صحت بیمہ کا تسلسل خریدنے کے لیے اپنے سابق آجر سے رابطہ کریں تاکہ ان کا ملازمت پر مبنی صحت بیمہ جاری رکھیں، اگر ریاست کو پتہ چلتا ہے کہ ملازم اہل ہے اور آجر کا صحت کا منصوبہ اہل ہے۔

اگر سابقہ ملازم اہل نہیں ہوتا ہے اور مذکورہ بالا صحت بیمہ خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتا تو کیا ہوگا؟

سابقہ ملازم NYC Care میں اندراج کے لیے درخواست دے سکتا ہے تاکہ NYC Health + Hospitals کی پیش کردہ خدمات موصول کر سکے۔

- <u>نوٹ:</u> NYC Care ایک بیمہ پلان نہیں ہے لیکن NYC Health + Hospitals کی پیش کردہ خدمات خاندان کی سائز اور آمدنی کی بناء پر رعایتی داموں پر فراہم کرنے کی ضمانت دیتا ہے۔

<u>مزید امداد</u>

مزید امداد کے لیے کارکنان کن بلا قیمت قانونی خدمات سے رابطہ کر سکتے ہیں؟

- Legal Aid Society: (888) 663-6880
- Legal Services NYC: (917) 661-4500
- New York Legal Assistance Group: (212) 613-5000
- Unemployment Action Center: (212) 998-6568